بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کالے رنگ کا لباس اور ٹوپی پہننے کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کالے کپڑے اور کالی ٹوپی پہننے کا کیا حکم ہے؟ ہم لوگ پہن سکتے ہیں یا نہیں؟

**سائل: محمد سفیان فاروق، کراچی**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عام دنوں میں کالے رنگ کا لباس پہننا تو فی نفسہ جائز ہے، اس میں کوئی ممانعت نہیں۔

ہاں البتہ محرم یا اس کے علاوہ بعض مخصوص دنوں میں پہننے سے احتراز کیا جائے کیونکہ اس میں ان لوگوں کے ساتھ مشابہت لازم آتی ہے جو اس لباس کو اظہارِ غم کے لیے پہنتے ہیں۔

رہی کالی ٹوپی تو یہ ہر وقت پہنی جا سکتی ہے، اس میں کوئی حرج نہیں۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**08-دسمبر2020ء**